تسبیح خانہ

میں سویا نصیب جگائیں!

مسنون اعمال مستند حوالہ جات کے ساتھ

اکابرؒ کے سو فیصد مجرب تیر بہدف اعمال
اور وظائف کا مجموعہ، جو لمحات اور سیکنڈز میں
آپ کی دکھی زندگی کو آسودہ کر دے

زیر نگرانی و با اجازت

شیخ الوظائف حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم

عبقری پبلی کیشنز

عالمی مرکز روحانیت و امن، دفتر ماہنامہ عبقری

عبقری اسٹریٹ نزد مزنگ چونگی لاہور

www.ubqari.org

رمضان المبارک

میں تسبیح خانہ میں ہونے

والے روحانی پیکجز

اولیاءکرام رحمۃ اللہ علیہم اجمعین

کی مستند کتب سے مکمل مستند

حوالہ جات کے ساتھ

www.ubqari.org

آئیے! اکابرؒ کے رستے پر چلتے ہوئے
کلام الٰہی کی تاثیر پائیں!

تسبیح خانہ میں ہر عمل، نقش اور وظیفہ اکابرؒ اور اولیاء کرامؒ کی مستند کتب سے مکمل حوالہ جات کے ساتھ دیئے گئے ہیں تا کہ اُمت مسلمہ کو کلام الٰہی کی تاثیر دی جائے نہ شرک اور نہ بدعت۔

www.ubqari.org

تمام اعمال کے حوالہ جات جاننے کے لیے
اس تعارفی کتابچہ کو تفصیل سے بار بار پڑھیں!

فہرست

www.ubqari.org

روحانی پیکیج نمبر 1۔سورۂ کوثر کا خاص عمل

یہ عمل کیا ہے واقعی مالدار بننے کا ایک انوکھا راز ہے جو ہر شخص کر سکتا ہے' آج مفلسی کا دور ہے' مہنگائی کا دور ہے' غربت روز بروز بڑھتی چلی جارہی ہے تنگدستی اپنے عروج پہ ہے' ہر شخص مہنگائی، قحط' آفات اور بلیات میں مبتلا ہے۔ وبائی امراض نے ہر شخص کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے'ایک ریڑھی والا اور بڑے سے بڑا بزنس مین پریشان ہے۔ ایسے دور میں لوگوں کو ایک ایسا عمل چاہیے جو عمل واقعی بے خطا ہو اور جس عمل کے اندر واقعی تاثیر ہو۔ قارئین! رمضان المبارک کی پہلی رات' گیارہویں رات' اکیسویں رات' ستائیسویں رات یہ عمل تسبیح خانہ میں شیخ الوظائف کی زیر نگرانی یہ کروایا جاتا ہے۔ جو یقیناً آپ اور آپ کی نسلوں کیلئے ایک سو فیصد تیر بے خطا اور آزمودہ ثابت ہوگا۔

طریقہ عمل: 1 رمضان المبارک کا چاند نظر آنے کے بعد رات کے کسی بھی حصے میں 313 بار سورۂ کوثر مع تسمیہ اول وآخر درود شریف 7,7 بار پڑھ کر اپنی برکت والی تھیلی پر دم کریں۔

2 دسواں روزہ کے بعد گیارہویں کی رات 313 بار سورۂ کوثر مع تسمیہ اول و آخر درود شریف 7,7 بار پڑھ کر اپنی برکت والی تھیلی پر دم کریں۔

3 بیسویں روزے اور اکیس رمضان کی رات بھی 313 بار سورۂ کوثر مع تسمیہ اول وآخر درود شریف 7,7 بار کر اپنی برکت والی تھیلی پر عمل دم کریں۔

4 ستائیسویں شب 11 '11 بار اول وآخر درود شریف اور 1100 بار سورۂ کوثر پڑھ کر اپنی برکت والی تھیلی پر عمل کریں۔

5 عید والے دن عید کی نماز سے فارغ ہونے کے بعد 313 بار سورۂ کوثر مع تسمیہ اول وآخر درود شریف 7، 7 بار پڑھ کر اپنی برکت والی تھیلی پر دم کریں۔

(نوٹ) اگر یہ عمل کسی مجبوری کے پیش نظر رات میں نہ ہو سکیں تو دن میں بھی کر سکتے ہیں۔

1100 مرتبہ انفرادی طور پر بھی پڑھ سکتے ہیں یا چند افراد مل کے پڑھ لیں اور برکت والی تھیلی پر دم کردیں اور دعا کرکے پھر سو جائیں۔ خواتین ایام کے دنوں میں یہ عمل نہ کریں بلکہ بعد میں اس کی قضا کر لیں۔ درود شریف جو بھی آسانی سے یاد ہو پڑھ سکتے ہیں۔

نوٹ: کپڑے کی ایک عدد تھیلی جو باآسانی جیب میں آسکے خود سلوالیں یا دفتر ماہنامہ عبقری سے قیمتاً بھی خرید سکتے ہیں۔ تسبیح خانہ سے رمضان گزارنے کے بعد گھر جاکر اس پر صبح وشام 129، بار سورۂ کوثر

www.ubqari.org

مع تسمیہ اور اول و آخر 7، 7 بار درود شریف پڑھ کر دم کرتے رہیں۔ اس کے علاوہ دن میں جتنی دفعہ بھی تھیلی میں نوٹ ڈالیں یا نکالیں ایک دفعہ سورۂ کوثر پڑھ کر دم کرلیا کریں یہ عام معمول کی زندگی کا عمل ہے جس سے لاکھوں لوگوں کو فائدہ ہوا اور ہو رہا ہے۔

☆☆☆☆☆

روحانی پیکیج نمبر2، روحانی بیڈٹی(Bed Tea)

بیڈٹی کے عمل(Bed Tea) کا نام سنتے ہی ذہن میں ایک تصور ابھرتا ہے کہ نیند کھلتے ہی بستر پر بھاپ اڑاتا چائے کا کپ ہمارے ہونٹوں کے لمس کا منتظر ہو اور قدم زمین پر بعد میں لگیں اور چائے معدے میں منتقل پہلے ہوجائے۔ جدید سائنس کی نظر میں اس کے فوائد ہیں یا نقصان؟ یہ بحث مسلسل چل رہی ہے لیکن ایک بیڈٹی(Bed Tea) ایسی بھی ہے جو سراسر مفید، مضر اثرات سے پاک اور روحانی و جسمانی بیماریوں کا حیرت انگیز تریاق ہے۔ اسے روحانیت کی دنیا میں روحانی بیڈٹی(Bed Tea) کہتے ہیں۔ اس کا نسخہ ہمارا ایجاد کردہ نہیں، بلکہ نبوی ﷺ دور کے مختلف اجزاء کا مرکب ہے۔ لیکن عجیب بات یہ ہے کہ ہم اس نسخے کے اجزاء اور فوائد سے محروم ہو گئے ہیں اسی لئے بے شمار جسمانی، نفسیاتی اور روحانی پیچیدگیوں اور امراض میں مبتلاء ہو چکے ہیں اور ہو رہے ہیں۔

عمل: أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

عمل کا طریقہ کار: صبح سحری کے وقت اُٹھتے ہی بستر پر بیٹھے بیٹھے 11 بار یہ وظیفہ پڑھیں۔ پاک نا پاک ہر حالت میں پڑھ سکتے ہیں۔ یہ عمل تسبیح خانہ میں اجتماعی کروایا جاتا ہے۔

فوائد: یہ روحانی بیڈٹی (Bed tea) ہے جو آپ کو نا صرف تر و تازہ رکھے بلکہ روحانی و جسمانی امراض سے بھی نجات دے، خصوصاً نفسیاتی امراض جیسے ٹینشن، سردرد، جسم کا درد رہنا' جوڑوں کا درد' تھکان' سارا دن الجھے اور کھوئے کھوئے رہنا' دن بھر جنات اور شیاطین سے حفاظت کیلئے آخری اور آزمودہ علاج ہے۔ اور کیوں نا ہو؟ اس میں باری تعالیٰ کی جملہ صفات کا مظہر شامل ہے۔ جی ہاں! تمام قوتیں، تمام طاقتیں اسی خالق ارض وسماء ہی کی ہیں، یہ بیماریاں، یہ پریشانیاں اس کے مقابلے میں کچھ بھی نہیں اور یہی کچھ جناب نبی کریم ﷺ اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے منقول و ماثور

ہے۔ یہ روحانی بیڈٹی آپ کے جسم وروح کیلئے حیرت انگیز ٹانک ثابت ہوگی اور آپ بھی پکار اٹھیں گے نبوت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے در سے جو بھی ملا شفا بخش اور بابرکت ہی ملا۔ روحانی بیڈٹی کے عمل سے دن بھر نفس و شیطان کی شرارتوں، حملوں اور گناہوں سے حفاظت ہوتی ہے۔ غصیلے اور ہائی بلڈ پریشر کے مرض میں مبتلا حضرات کیلئے یہ بہترین تحفہ ہے۔ وساوس کے شکار حضرات اس عمل سے ضرور دوستی لگائیں۔ بے خوابی، نیند کی گولیوں سے چھٹکارا، گھبراہٹ، کندھوں کا کھچاؤ اور طبیعت کا تھکا تھکا رہنے کی شکایت کرنے والوں کیلئے یہ مجموعہ شفاء ہے۔

☆☆☆☆☆

روحانی پیکیج نمبر 3: نورانی لقمے (سحری افطاری کا عمل)

طریقہ کار: سحری وافطاری میں کھانے کی دعا پڑھنے کے بعد 7 بار سورۂ فاتحہ پڑھیں اور کھانے کے دوران ہر لقمے پر یَاوَاجِدُ پڑھیں۔ کھانا کھانے کے بعد 3 بار سورۂ قریش پڑھیں۔

فوائد: ہر لقمہ نور بنے گا، اللہ پاک کی خوشنودی حاصل ہوگی، روحانی و جسمانی امراض سے شفایابی، امراض قلب کنٹرول، جوڑوں کا درد ختم، سوجن ختم، کولیسٹرول کنٹرول، شوگر کنٹرول، بلڈ پریشر کنٹرول، یورک ایسڈ نہ ہوگا۔ ہیپاٹائٹس اے بی سی کا علاج، گردے کے امراض نہ ہوں گے، یہ کھانا پیٹ میں جاکر کبھی بھی بیماری نہیں بنے گا بلکہ بیماریوں کیلئے شفائی لقمے بنیں گے۔ ان نورانی لقموں کو کھانے والے کی پیشانی پر نور آئے گا، چہرہ دمکے گا، نحوست ختم ہوگی، گھر سے الجھنیں ختم ہوں گی، رزق کی تنگی ختم، دسترخوان وسیع ہوگا۔ اولاد نافرمان نہ ہوگی، نیک صالح اور فرمانبردار بنے گی، بے اولادی ختم ہوگی۔

☆☆☆☆☆

روحانی پیکیج نمبر 4: غیبی دولت

(فجر کی سنتوں کے بعد 4 بار آیت الکرسی)

طریقہ کار: صبح نماز فجر کی سنتوں کے بعد دونوں ہاتھوں کی مٹھیاں بند کر کے 4 بار آیت الکرسی پڑھیں اس کے بعد دونوں ہاتھ پورے جسم پر مل لیں۔

فوائد: تصور یہ رکھیں کہ میری بندشیں، جادو جنات، میرے ہاتھ میں اور اللہ کے نام کی برکت سے جب میں ہاتھ کھولوں گا تو میری ساری بندشیں ٹوٹ جائیں گی، اور جب میں یہ ہاتھ پورے جسم پر

پھیروں گا تو جسم کے انگ انگ سے بیماری' جادو' بندش' جنات' تنگدستی ختم ہوجائے گی۔آپ کے رزق میں اضافہ ہوگا' دسترخوان وسیع ہوجائے گا' قرضوں سے نجات ملے گی'، بے روزگاری ختم ہوگی، کبھی محتاجی اور پیسوں کی کمی نہ ہوگی، جیب ہمیشہ پیسوں سے بھری رہے گی، کاروبار خوب چمکے گا، جلد اچھی نوکری ملے گی، تنخواہ میں اضافہ اور حاسدین و دشمن کے شر سے حفاظت ہوگی۔

☆☆☆☆☆

روحانی پیکیج نمبر 5: سورۂ یٰسین سے سویا ہوا نصیب جگائیں

طریقہ کار: نماز فجر ادا کرنے کے بعد وہیں بیٹھے بیٹھے سورۂ یٰسین صرف ایک مرتبہ تلاوت کریں۔

فوائد: زندگی کے ہر موڑ پر ناکامیاں، پریشانیاں، بے برکتی، دعائیں قبول نہ ہونے کا شکوہ اور، بگڑے نصیب سنوارنے اور سوئے مقدر کو جگانے کیلئے یہ عمل صدیوں سے آزمودہ ہے۔ ہر دعا قبول، تمام مشکلات دور، مسائل حل اور دن بھر غیبی مدد ہوگی۔ مٹی میں بھی ہاتھ ڈالیں گے تو سونا بن جائے گی۔ ہر قسم کی دنیاوی حاجات سو فیصد پوری ہوتی ہیں' امراض سے شفاء ملتی ہے' رحمت بارش کی طرح اس شخص پر برستی ہے ' 1400 سال سے اولیاء کرام کا مجرب عمل ہے۔ اجڑے گھر آباد ہوتے ہیں۔ بدچلن شوہر راہ راست پر آجاتے ہیں۔ بیوی کی لاپرواہی دور ہوجاتی ہے۔ قرض کی ادائیگی ہوتی ہے۔ ہر قسم کی آفات سے حفاظت رہتی ہے۔

☆☆☆☆☆

روحانی پیکیج نمبر 6۔ تین نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تحائف

(فجر کے بعد درس سے پہلے)

(1) بِسْمِ اللهِ عَلٰى دِيْنِيْ وَنَفْسِيْ وَوَلَدِيْ وَاَهْلِيْ وَمَالِيْ۔

(2) اَللّٰهُمَّ اَجِرْنَا مِنَ النَّار

(3) سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ۔

روزانہ نماز فجر کے بعد درس سے پہلے شیخ الوظائف اپنی زیر نگرانی ان تین مسنون دعاؤں کا چند منٹ کا خاص عمل کروائیں گے)

فوائد:

www.ubqari.org

پہلی مسنون دعا کا فائدہ:

اس عمل کی برکت سے دین کی فتنوں سے آزمائشوں سے‘ ابتلاؤں سے حفاظت ہوتی ہے اور مرتے دم تک ان شاء اللہ بندہ ایمان پر ثابت قدم رہتا ہے اور خاتمہ بالخیر ہوتا ہے۔ اس کا جسم حادثات سے‘ بیماریوں سے محفوظ رہتا ہے‘ اس کی اولاد اس کیلئے راحت بنتی ہے ناسور نہیں بنتی‘ دل کا چین اور سکون بنتی ہے اور وہ بندہ اولاد کا غم لیے اندر ہی اندر گھلتا نہیں جب اولاد کو دیکھتا ہے تو وہ اس کے لیے ٹھنڈک کا سامان بنتی ہے۔ اس کی بیوی سے اس کے تعلقات انتہائی خوشگوار ہوتے ہیں‘ گھر جنت کا نمونہ پیش کرتا ہے‘ گھر میں لڑائی جھگڑے نہیں ہوتے‘ ساس بہو آپس میں انتہائی اتفاق اور ماں بیٹی کی طرح رہتی ہیں‘ اگر شادی نہیں ہوئی تو اس عمل کو کرنے سے بہت جلد شادی ہوجاتی ہے‘ گھر میں ایسا امن وسکون ہوتا ہے کہ لوگ مثالیں دیں۔ اس کے رزق میں برکت اور اضافہ ہوتا ہے‘ تنگدستی ختم ہوتی ہے‘ قرض ادا ہوجاتے ہیں‘ اگر کسی سے قرض واپس لینا ہوتو وہ واپس مل جاتا ہے‘ مال تھوڑا ہو چاہے لیکن اس میں برکت اور شفاء ہوتی ہے‘ اس کا یہ مال بیماریوں‘ حادثات پر نہیں لگتا‘ ہسپتالوں اور میڈیکل سٹور پر تنخواہ خرچ نہیں ہوتی۔

دوسری مسنون دعا کا فائدہ:

جہنم دنیا کا ہو آخرت کا اس سے پناہ ملتی ہے‘ اس عمل میں شامل ہونے والے شخص کی دنیا جنت بن جائے گی‘ ایسے مسائل‘ پریشانیاں‘ مشکلات کہ زندگی دنیا میں جہنم بن جائے اس کو ان سے چھٹکارا ملے گا اور سب سے بڑی خوشخبری اس کو ہمیشہ کی جہنم سے ہمیشہ کیلئے چھٹکارا مل جائے گا۔ آخرت میں اس کا خاتمہ ایمان پر ہوگا اور قبر میں بھی راحت نصیب ہوگی۔ ان شاء اللہ۔

تیسری مسنون دعا کا فائدہ:

اس عمل میں شامل ہونے کو کبھی بھی جلدی بیماریاں نہ ہوں گی اگر کوئی ان میں مبتلا ہے مثلاً خارش‘ دانے‘ الرجی‘ کوڑھ‘ سورائسز‘ ایگزیمیا‘ چنبل‘ فنگس‘ ناسور بنتے زخم‘ بیڈسول‘ شوگر کے بگڑے زخم اس عمل سے ٹھیک ہوجاتے ہیں۔ آنکھوں کے مسائل‘ نظر کمزور ہوجانا‘ دماغی کمزوری‘ اعصابی کمزوری‘ پٹھوں کا کھچاؤ‘ اکڑاؤ اور اندھے پن سے ہمیشہ حفاظت رہے گی۔

☆☆☆☆☆

www.ubqari.org

روحانی پیکیج نمبر 7: روحانی دنیا کے رازوں کا انکشاف

(فجر کے بعد شیخ الوظائف کا خاص درس)

قرآن وسنت اور اولیاء کرام کی مستند تعلیمات کی روشنی میں روزانہ صبح نماز فجر کے بعد شیخ الوظائف کا خاص درس ہوگا جس میں شیخ الوظائف روحانی دنیا کے پراسرار رازوں کا انکشاف فرمائیں گے۔ آپ کے دل میں جو بھی روحانیت سے متعلق سوال ہوگا درس میں انشاء اللہ آپکو اس کا جواب مل جائے گا۔ دل کی دنیا کو سنوارنے‘ ولایت پانے کے آزمودہ راز اور آپ کے تمام روحانی الجھے مسائل‘ گھریلو الجھنوں کیلئے چھوٹے چھوٹے وظائف اور ٹپس بتائے جائیں گے جو کہ بے شمار کے آزمودہ اور تیر بہدف ہونے کے ساتھ ساتھ شیخ الوظائف کی ساری زندگی کا نچوڑ ہیں۔

☆☆☆☆☆

روحانی پیکیج نمبر 8: بندش توڑ لاہوتی عمل

(فجر کے درس کے آخر میں)

روزانہ صبح فجر کے وقت شیخ الوظائف درس کے آخر میں ایک خاص انتہائی طاقتور صرف 20 سیکنڈ کا آسان ترین بندش توڑ لاہوتی عمل کروائیں گے۔

طریقہ کار: ایک ہاتھ کی انگلیاں دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں ڈال کر مٹھی بنالیں۔ گردن جھکا کر مٹھی کو جھولی میں رکھ کر مٹھی کی طرف دیکھتے ہوئے شیخ الوظائف کے ساتھ ان الفاظ کا ورد کریں۔ اَللّٰھُمَّ کٓھٰیٰعٓصٓ ۔ اَللّٰھُمَّ حٰمٓ عٓسٓقٓ)۔ عمل کے فوراً بعد ہاتھ کھول کر پورے جسم پر مل لیں۔ **فوائد:** جیسے ہی آپ مٹھی کھولیں گے رزق کی سالہا سال پرانی بندش‘ اولاد کی بندش‘ کاروبار کی بندش‘ رشتوں کی بندش‘ میاں بیوی کی محبت کی بندش فوراً ٹوٹ جائے گی۔ گھر میں نااتفاقیاں‘ گھریلو جھگڑے‘ سسرالی مسائل حل اور ترقی کی راہ میں حائل ہر رکاوٹ ختم ہوجائے گی‘ سست‘ کاہل‘ نکھٹو‘ نافرمان اور زندگی کی ہر دوڑ میں پیچھے رہ جانے والی اولاد پر سے نحوست چھٹ جائے گی اور اولاد زندگی کی دوڑ میں ہراول دستے کی طرح کام کرے گی۔ نافرمان شوہر اور چڑچڑی بیوی دونوں ٹھیک ہوجائیں گے۔ سالہا سال پرانے گھریلو فاقے ختم ہوجائیں گے۔ سفلی جادو‘ جنات کی پریشانیاں اور حصار ہر چیز ٹوٹ جائیں گی۔ مزید حضرت علی رضی اللہ عنہ ان حروف کے ذریعے اللہ رب العزت کی بارگاہ میں دعا مانگا کرتے تھے۔

www.ubqari.org

روحانی پیکیج نمبر 9: سورۂ اخلاص کا حفاظتی حصار

(سونے سے پہلے کا اجتماعی عمل)

صبح فجر کے تمام معمولات مکمل ہونے کے بعد سوتے وقت بستر پر لیٹ کر یہ عمل کریں۔

طریقہ کار: اول و آخر تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ پہلے دائیں کروٹ لیٹ کر تین بار سورۂ اخلاص مع تسمیہ پڑھیں اس کے بعد بائیں کروٹ لیٹ کر تین بار سورۂ اخلاص مع تسمیہ پڑھیں، پھر سیدھا لیٹ (آسمان کی طرف منہ کر کے) کر تین بار سورۂ اخلاص مع تسمیہ پڑھیں۔ بس عمل مکمل ہو گیا۔

فوائد: ہر سورۂ اخلاص کے ساتھ 70 ہزار موکلات اور فرشتوں کی ڈیوٹی ہے۔ عمل کرنے والے کو سورۂ اخلاص کا نور گھیر لے گا۔ چوبیس گھنٹے آپ نورانی حفاظتی حصار میں رہیں گے، جناتی شیطانی چیزیں قریب نہیں آئیں گی، سوتے وقت شیطانی خواب' احتلام اور ناپاکی سے حفاظت ہوگی، یادداشت، نظر تیز ہوگی۔ ایمان والی زندگی نصیب ہوگی، سینہ نور سے مزین ہوگا، ایمان کی حلاوت ملے گی۔ مزید تین قرآن کریم ختم کرنے کا ثواب ملے گا۔ چند لمحات میں تین قرآن ختم کرنے ثواب اور تمام مسائل کا چھٹکارا' انتہائی آسان اور آزمودہ عمل۔

بحوالہ: جامعہ العلوم الاسلامیہ فتوی نمبر: 143909201584)

☆☆☆☆☆

روحانی پیکیج نمبر 10: قرآنی سفارش کا آزمودہ عمل

(ظہر سے پہلے کا عمل "یَا تَوَّابُ" کا عمل)

عمل کا طریقہ کار: روزانہ نماز ظہر سے پہلے اگر موقع مل جائے سارا دن یہ عمل کریں، قرآن پاک کی ہر سطر پر انگلی پھیرتے جائیں اور یَا تَوَّابُ' پڑھتے جائیں۔ روزانہ چوتھائی، آدھا یا ایک قرآن مکمل کریں)

فوائد: مقدمات سے نجات، کسی ظالم شخص یا افسر کے شر سے چھٹکارا، من کی چاہت یا مراد جو پوری نہ ہو رہی ہو۔ بیٹی کے جہیز کے مسائل، تعلیمی میدان میں کامیابی، حج پر جانے کی تڑپ، بیرون ملک جانے کی خواہش، ویزے کے مسائل الغرض دین و دنیا کا کوئی بھی اٹکا ہوا مسئلہ فوراً حل ہو جائے گا کیونکہ قرآن کی سفارش اللہ کی بارگاہ میں قبول کی جاتی ہے اور یہ عمل سراپا ندامت کا عمل ہے کہ ہم نے قرآن

www.ubqari.org

میں دیئے گئے احکامات کو پس پشت ڈالا اللہ کے احکامات سے روگردانی کی' آج ''یا توّابُ'' کے ذریعے سے ہر ہر آیت اور ہر لفظ پر ہم نادم ہیں' یا اللہ یہ حق اور سچ تھا' ہم نے حق ادا نہ کیا' شرمندگی' سچی توبہ' ندامت ہے اور اسی سچی توبہ اور ندامت کی برکت سے انسان کے مسائل حل ہوجاتے ہیں۔

حوالہ: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: روزہ اور قرآن قیامت کے دن بندے کی سفارش کریں گے، قرآن کہے گا اے رب! ہم نے اسے رات میں سونے سے روکے رکھا تھا، لہذا اس کے بارے میں میری سفارش قبول فرما، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ان دونوں کی سفارش قبول فرمالے گا۔

(مسند احمد: 2 / 176 مستدرک الحاکم: 1 / 554) (تفسیر ابن کثیر، تفسیر سورۃ الملک) (سنن الترمذی« کتاب فضائل القرآن)

☆☆☆☆☆

روحانی پیکیج نمبر 11: دلائل وظائف

(ظہر کے بعد کی نشست)

کیا شیخ الوظائف کے وظائف کی کوئی سند بھی ہے؟ شیخ الوظائف نے اب تک تسبیح خانہ کے منبر' رسالہ' کتب اور اپنے دروس میں جتنے بھی وظائف بتائے ان تمام کے مکمل' جامع اور مستند حوالہ جات اور وظائف کی دنیا میں تاثیر اور کمال پانے والوں کیلئے خاص نشست جس میں شیخ الوظائف کے خلفاء ''اکابرؒ اور اولیاءؒ'' کی زندگی کے حیرت انگیز وظائف کا مستند حوالہ جات سے انکشاف فرمائیں گے کہ اولیاء اللہؒ نے زندگی کے ہر موڑ پر وظائف سے غیبی مدد کیسے پائی؟ جس محفل میں شریک ہونے کے بعد آپ یہ کہنے پر مجبور ہوجائیں گے تسبیح خانہ اعمال اور وظائف بناتا نہیں بلکہ سو فیصد اکابرؒ کے بتائے ہوئے ہی بتاتا ہے۔

☆☆☆☆☆

روحانی پیکیج نمبر 12 عرشی شفاء

(بارش اور زم زم کے پانی کا عمل)

عمل کا طریقہ کار: 70 بار درود ابراہیمی، 70 بار سورۂ فاتحہ، 70 بار آیت الکرسی، 70 بار آیت کریمہ، 70 بار چاروں قل، 70 مرتبہ درود ابراہیمی۔

نماز ظہر کے بعد یہ عمل اجتماعی کروایا جائے گا جو کہ صرف چند منٹ پر محیط ہوتا ہے۔ عمل کرنے کے

www.ubqari.org

بعد بارش کے پانی، زم زم، تیل اور کھجوروں پر دم کیا جائے گا۔اس کے علاوہ فجر کے درس کے بعد شیخ الوظائف براہ راست ان کھجوروں پر دم کرتے ہیں' یہی دم شدہ کھجوریں شام کوروزہ افطار کرنے کیلئے دی جائیں گی اور یہ دم والا پانی بھی افطاری کیلئے تیار ہونے والے شربت میں شامل کیا جائے گا۔گھر جاتے ہوئے ان کھجوروں کی گٹھلیاں اپنے ساتھ لے جائیں' گٹھلیوں کو پسوا کر آٹا میں ڈال لیں' بہت برکت ہوگی۔(دم شدہ تیل اور پانی چھبیس رمضان کو گھر لیجانے کیلئے مقیم حضرات کو تقسیم کیا جائے گا۔)

فوائد: ایسی لاعلاج بیماریاں جس کا علاج کرتے کرتے معالجین بھی تھک گئے ہوں، کینسر، وبائی امراض،شوگر کے زخم، جوڑوں کے درد' ڈسک پرابلم' کمر درد' آدھے سر کا درد' معدہ' جگر' گردے' دل کے امراض کا آزمودہ معالج' جادو جنات کے اثرات،آسیب کا سایہ،سخت ترین نظر بد' کسی نے تعویذ پلائے ہوں یا عمل کر کے دبائے ہوں' الغرض یہ عمل روحانی وجسمانی صحت کیلئے بے شمار کا آزمودہ ہے۔

روحانی پیکیج نمبر 13: فیضِ حلقہ کشف المحجوب

(ظہر کے بعد اجتماعی نشست)

عرشی شفاء کے عمل سے فارغ ہونے کے بعد حضرت پیر علی ہجویری المعروف داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ شہرۂ آفاق صدیوں پرانی کتاب ''کشف المحجوب'' کا شیخ الوظائف کا پروگرام چلایا جاتا ہے۔نور ولایت کا فیضان پانے' طریقت کے عروج کو اولیاء کرامؒ کے طریقے سے باآسانی طے کرنے' باطن سے گناہوں کی ظلمت مٹانے،دل کو دودھ کی طرح پاک وصاف کرنے، گناہوں سے نفرت اور نیکی کی طرف رغبت حاصل کرنے کیلئے تھوڑی دیر کی یہ نشست آپ کے دل کی دنیا بدل دے گی' آپ کے تمام روحانی مسائل کا حل ہے۔

☆☆☆☆☆

روحانی پیکیج نمبر 14: ختم خواجگان (عصر کے بعد)

نماز عصر کے بعد تمام سلاسل کے اولیاء سے منقول اسمائے اعظم پر مشتمل ذکر خاص کا اجتماعی عمل کروایا جائے گا جو کہ 1400 سال سے پر اثر عمل ہے جس نے بھی کیا بامراد ہوا،جس مقصد کیلئے کیا فوری حاصل ہوا،مشکل ایسے حل ہوئی جیسے کبھی آئی ہی نہ تھی۔

بحوالہ: عمدۃ السلوک' تالیف: مولانا سید زوار حسین شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ' ناشر: زوار

www.ubqari.org

اکیڈمی‘ کراچی ۔2۔کتاب الداءو الدواءصفحہ نمبر 174‘ تالیف: نواب صدیق حسن خان‘ ناشر: مشتاق بک کارنر‘ لاہور۔3۔واقعات وکرامات‘ صفحہ نمبر 390‘ تالیف: ثناءاللہ سعد‘ ناشر: عمر پبلی کیشنز لاہور۔4۔شمس المعارف‘ تالیف: شیخ ابوالعباس احمد علی بونیؒ‘ ناشر: دارالاشاعت‘ کراچی۔

☆☆☆☆☆

روحانی پیکیج نمبر 15: پروگرام 30 روزے 30 مرادیں

(یا اللہ کی درخواست، اسم اعظم کا دم)

روزانہ عصر کے بعد ایک خاص پروگرام جس میں شیخ الوظائف اپنی نگرانی میں اللہ کریم کو درخواست لکھنے والا عمل خود کروائیں گے، اور حیرت انگیز بات کہ شیخ الوظائف خود آپکے مسائل کا تصور کر کے یہ عمل کریں گے اور اس دن کی مناسبت سے خاص اسم الٰہی کا چند سیکنڈز کا ورد بھی کروائیں گے‘ اس کے بعد شیخ الوظائف جادو جنات، بندشوں، بیماریوں کیلئے اسم اعظم کا دم ، اور آپ کیلئے خصوصی دعا فرمائیں گے۔جو بھی اس عمل میں شامل ہوا‘ اس کے تمام روحانی مسائل‘ جسمانی مسائل‘ رشتوں کی بندش‘ نظر بد‘ کاروباری بندش‘ گھریلو الجھنوں کا یقینی خاتمہ ہوا۔

طریقہ عمل: روزانہ حساب کی ڈبوں والی کاپی کا ایک صفحہ ”یا اللہ“ لکھ کر پُر کریں‘ جب کاپی مکمل ہوجائے تو ان صفحات کو علیحدہ کر کے‘ آٹے کے پیڑے میں بند کر کے‘ ان آٹے کے پیڑے کو بہتے پاک پانی‘ نہر‘ دریا‘ جھیل‘ سمندر یا ندی جن میں مچھلیاں ہوں، بہادیں۔

حوالہ جات: دریا میں تعویذ بہانے کے عملیات اکابرؒ کی کتب میں بے شمار موجود ہیں چند کتب کے حوالہ جات پیش کیے جارہے ہیں۔حوالہ نمبر 1: شمس المعارف‘ تالیف: شیخ ابوالعباس احمد علی بونیؒ‘ ناشر: دارالاشاعت‘ کراچی۔حوالہ نمبر 2: آئینہ عملیات‘ تالیف: مولانا عزیز الرحمٰن پانی پتی‘ ناشر: دارالاشاعت‘ کراچی۔حوالہ نمبر 3: ارشاد العاملین‘ تالیف: علامہ ارشد حسن ثاقب‘ تالیف: ادارہ القریش۔حوالہ نمبر 4۔خزینۃ الاسرار‘ تالیف: مولانا احمد علی بن شاہ دوست پنجگوری‘ ناشر: کتب خانہ مجیدیہ بوہڑ گیٹ ملتان۔

☆☆☆☆☆

www.ubqari.org

روحانی پیکیج نمبر 16: بے بہا رزق کے دروازے کھلوانے کا عمل

(افطار کے وقت سورہ مائدہ کی آیت)

اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا أَنزِلْ عَلَيْنَا مَائِدَةً مِّنَ السَّمَاءِ تَكُونُ لَنَا عِيدًا لِّأَوَّلِنَا وَآخِرِنَا وَآيَةً مِّنكَ وَارْزُقْنَا وَأَنتَ خَيْرُ الرَّازِقِينَ۔ (مائدہ آیت 114)

عمل کا طریقہ کار: افطار کے وقت سورۂ مائدہ درج بالا آیت کا اجتماعی عمل کروایا جائے گا، اور خاص مقبول عمل میں دعا ہوگی، اس عمل میں شامل ہونے والے کی طرف رزق، دولت ایسے آتی ہے جیسے گہرائی کی طرف پانی۔

فوائد: رزق کے فراخی، روزگار کی بہتری، من چاہا کھانا کھانے، اپنی پسندیدہ چیز حاصل کرنے لیے، بہت لاجواب، انتہائی سریع الاثر، اور بے خطا، آزمودہ و مجرب عمل ہے۔ یہ عمل کر کے اللہ پاک سے جو مانگیں' اللہ تعالیٰ خیر و عافیت عطا فرمائیں گے' گھر کا ہر فرد پڑھے تو انشاء اللہ، اللہ پاک دستر خوان وسیع فرمائے گا اور نسلوں کو بھی نوازے گا۔ اگر آپ کا دل من پسند کھانا کھانے کو چاہے تو یہی عمل کر کے آسمان کی طرف پھونک ماریں۔ یقین سے پڑھیں اور مراد پوری ہونے کے بعد اللہ پاک کا شکر ادا کریں۔ اس عمل سے نسلوں کے رزق میں اضافہ ہوگا انشاء اللہ۔ افطار کے وقت رزق بڑھتا بھی ہے اور رزق ملتا بھی ہے۔

حوالہ جات: حضرت مولانا محمد عمر پالن پوری صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں رزق کی تنگی' پریشانی دور کرنے اور حاجت پوری کروانے کے لیے یہ عمل بہت آزمودہ اور مجرب ہے۔ (کتاب: بکھرے موتی' صفحہ نمبر 222، جلد نمبر 2' ناشر مکتبہ رحمانیہ)۔ بحوالہ: آسان عملیات و تعویذات' مرتب: اعجاز احمد خاں سنگھانوی' کتب خانہ انور شاہ' کراچی۔ بحوالہ: اسلامی وظائف کا انسائیکلوپیڈیا۔

☆☆☆☆☆

روحانی پیکیج نمبر 17۔ حصول زیارت اور علت، قلت ذلت سے نکلنے کا عمل

(35 مرتبہ کارڈ کا عمل)   محمد رسول اللہ احمد رسول اللہ''

طریقہ کار: مغرب کے وقت کھانا کھانے کے بعد چھت پر کھلے آسمان تلے کھڑے یا بیٹھے ''محمد رسول اللہ احمد رسول اللہ'' والے عمل کا کارڈ جو ہر جمعہ کی نماز کے بعد لکھا جاتا ہے۔ اس کارڈ کو دیکھتے ہوئے

www.ubqari.org

پینتیس بار''محمد رسول اللہ احمد رسول اللہ'' پڑھیں۔نوٹ: اگر کھلی چھت نہ تو بھی یہ عمل کیا جا سکتا ہے۔

فوائد: زیارت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کیلئے یہ عمل نہایت آزمودہ ہے۔اس کے علاوہ یہ عمل ہر قسم کے گناہ ،نشے ،عادت بد سے نجات کیلئے اکسیر ہے،گالی کی عادت ،انٹرنیٹ کی غلاظت ،یا اولاد کی نافرمانی اور بے راہ روری،شوہر یا بیوی کی بے راہ روی اور دل کا نور و سرور پانے کیلئے اس عمل کا کوئی ثانی نہیں۔ رزق کی کیسی بھی تنگی ہو بس ہر نماز کے بعد اس عمل کو کیجئے۔تنگی رزق کو ختم کرنے کیلئے انتہائی لاجواب اور تیر بہدف عمل ہے۔

حوالہ جات:1۔کتاب:''فضائل درود شریف''صفحہ نمبر50 'مصنف' حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا کاندھلویؒ۔ناشر کتب خانہ فیضی لاہور۔2۔بحوالہ کتاب:''گنجینہ اسرار'' ص29' ناشر ادارہ اسلامیات 190 انارکلی لاہور۔3۔بحوالہ کتاب:''شمس المعارف'' صفحہ نمبر34' مصنف: شہنشاہ عملیات ابوالعباس شیخ احمد علی بونیؒ، ناشر: دارالاشاعت کراچی۔4۔بحوالہ کتاب:''حیاۃ الحیوان'' ص 128' مصنف: علامہ کمال الدین دمیریؒ، ناشر: مکتبہ الحسن' حق اسٹریٹ' اردو بازار لاہور۔5۔بحوالہ کتاب'الداء والدواء'' صفحہ نمبر110 'مصنف: نواب سید محمد صدیق حسن خان بھوپالیؒ، ناشر: مشتاق بک کارنر'الکریم مارکیٹ' اردو بازار لاہور۔6۔بحوالہ کتاب''مجرباتِ اکابرؒ'' ص304، بوہر گیٹ ملتان۔

☆☆☆☆☆

روحانی پیکیج نمبر18: تراویح کے دوران اللہ سے باتیں

نماز تراویح کے دوران ہر چار رکعت کے بعد وقفہ کے دوران اپنے مسائل،مشکلات ،حاجتوں کا تصور کر کے خوب توجہ' دھیان اور یقین کے ساتھ گڑگڑاتے ہوئے 11 بار''اِیَّا کَ نَعْبُدُ وَ اِیَّا کَ نَسْتَعِیْن'' پڑھیں۔اور قدرت ربی کے کرشمے دیکھیں۔

فوائد: رب سے کچھ قبول کروانا ہے' گھر چاہیے' پلاٹ چاہیے' من پسند جگہ رشتہ کروانا چاہتے ہیں' نوکری چاہتے ہیں' کسی عادت بد سے چھٹکارا چاہیے' بیروزگار ہیں اور اپنے تعلیمی معیار کے مطابق نوکری چاہیے' رزق' عزت برکت' سکون چاہیے' علت' قلت اور ذلت خود اور نسلوں سے بھی اس کا چھٹکارا چاہیے' آپ چاہتے ہیں کہ طلاق کا لفظ آپ کی نسلوں سے بھی ختم ہو جائے تو پھر آیئے اس عمل میں شامل ہوں۔

حوالہ جات: اللہ رب العزت سے مدد کا حاصل ہونا یقین کے بقدر ہوتا ہے' اور یہی یقین اولیاء کرام

www.ubqari.org

اور بزرگان دین رحم اللہ کا خاصہ ہے' اور یقین ہمیشہ تکرار سے حاصل ہوتا ہے ''ایاک نعبد وایاک نستعین'' اسی تکرار کا ایک اظہار ہے۔ بے شمار کتب میں لکھا ہے کہ یہ کلمہ اللہ رب العزت کو بہت زیادہ پسند ہے اور قرب الٰہی کا ذریعہ ہے۔

☆☆☆☆☆

روحانی پیکیج نمبر:19 رمضان المبارک کے خاص وظائف پائیں

(تراویح کے بعد کا درس)

روزانہ نماز تراویح کے بعد شیخ الوظائف کا خاص درس ہوگا جس میں شیخ الوظائف رمضان المبارک کی مقبول ساعتوں سے بھرپور استفادہ حاصل کرنے اور مسائل ومشکلات سے نجات کیلئے آزمودہ وظائف عنایت فرمائیں گے۔ مسنون اعمال کے تذکرے اور ان کے فوائد' زندگی کے ہر قدم کی ہر پریشانی' الجھن' اور مشکل کا آسان ترین آزمودہ حل وہ بھی چھوٹے چھوٹے چٹکلوں اور ٹوٹکوں کی صورت میں۔

☆☆☆☆☆

روحانی پیکیج نمبر20: شیخ الوظائف سے براہِ راست سوال وجواب کا موقع

شیخ الوظائف کے تراویح کے درس کے فوراً بعد وہاں موجود مجمع کی زندگی کا نچوڑ' ان کے مشاہدات' تجربات آپ کے سامنے کھلی کتاب کی طرح رکھ دیئے جائیں گے۔ لوگ خود اپنے مشاہدات' تجربات آپ کو سنائیں گے' کمال یہ کہ شیخ الوظائف بھی اپنی زندگی کا نچوڑ' تجربات ومشاہدات' عملیات اور ٹوٹکوں کی صورت میں آئے مجمع پر لٹا دیں گے۔ مزید شیخ الوظائف سے براہ راست سوال وجواب کی نشست بھی اسی دوران ہوگی۔ شیخ الوظائف آپ کے مسائل کا حل وہیں موقع پر ہی عنایت فرمائیں گے۔

☆☆☆☆☆

روحانی پیکیج نمبر 21 مجرمانہ حاضری

(تراویح درس کے بعد کا عمل)

روزانہ بعد نماز تراویح شیخ الوظائف درس کے آخر میں ایک خاص جادو شکن عمل کروائیں گے۔

طریقہ کار: دائیں ہاتھ سے بائیں کندھے کو پکڑیں اور بائیں ہاتھ سے دائیں کندھے کو پکڑیں۔اس کے بعد شیخ الوظائف کے ہمراہ اس وظیفے کا ورد کریں۔ اَللّٰھُمَّ بِاسْمِكَ کَھٰفُ قِطْمِیْر اس عمل کے بعد ہاتھ کھول لیں گے، عمل ختم ہوجائے گا۔

فوائد: جیسے ہی ہاتھ کھولیں گے، آپ پر، آپ کے گھر پر، آپ کی نسلوں پر جتنا ہی پرانا جادو کیوں نہ ہوا ہو، وہ ہاتھ کھولتے ہی ٹوٹ جائے گا، بندش کی زنجیریں کٹ جائیں گی، رزق کی تنگی کتنی ہی پرانی کیوں نہ ہو ختم ہوجائے گی، جیسے ہی ہاتھ کھلیں گے بند کاروبار کھل جائے گا۔ گھر سے نحوست چھٹ جائے گی۔اس کے ٹوٹنے کے اثرات آپ کو فوری طور پر محسوس ہوں گے آپ اپنے آپ کو بالکل ہلکا پھلکا محسوس کریں گے اور صرف چند سیکنڈز کا یہ عمل آپ کو دکھوں کے گہرے سمندر سے نکال کر پرسکون زندگی کا احساس دلائے گا۔

بحوالہ: بیاض محمدی، تالیف: شیخ محمد محدث رحمۃ اللہ علیہ، ترجمہ: مولانا ظہیر احمد استاد دارالعلوم انڈیا، ناشر: دارالاشاعت کراچی۔2۔خزینہ اسرار، تالیف: مولانا احمد علی پنجگوری، ناشر: کتب خانہ مجیدیہ، ملتان۔

☆☆☆☆☆

روحانی پیکیج نمبر 22۔12 نوافل کا عمل

طریقہ عمل: رمضان شریف کی گیارہویں اور بارہویں روزے کی درمیانی رات کو بعد نماز عشاء و تراویح تسبیح خانہ میں شیخ الوظائف کی زیرنگرانی 12 نوافل کا خاص عمل کروایا جائے گا جس کا طریقہ یہ ہے:۔ دو دو رکعت کر کے 12 نفل اس طرح پڑھیں کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک بار سورۂ اخلاص پڑھیں۔12 نفل پڑھ کر 100 مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ پھر تمام نفل اور درود شریف کا ثواب حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو پہنچائیں اور پھر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے وسیلے سے اللہ تعالیٰ کے حضور گڑگڑا کر خلوص دل، انکساری، عاجزی سے کم از کم 15 منٹ اپنے مسائل کا تصور کرتے ہوئے دعا کریں۔ان شاءاللہ تعالیٰ اگلے رمضان سے پہلے مراد پوری ہوگی۔ یہ نہایت ہی آزمودہ اور آزمایا وظیفہ ہے۔

www.ubqari.org

فوائد: یہ انتہائی مجرب ہے۔ خاص طور پر رشتوں کی بندش کا انتہائی آزمودہ ہے' بے شمار کا آزمودہ جس نے بھی عمل کیا اس کی اگلے رمضان سے پہلے شادی ہوگئی۔ رزق کی تنگی کے شکار افراد اگلے سال سے پہلے تونگر ہوگئے۔ قرضوں کی دلدل میں پھنسے افراد اگلے سال سے پہلے قرض سے نجات پا گئے۔

☆☆☆☆☆

روحانی پیکیج نمبر 23۔ ایام بیض کا عمل

(رمضان کی 13، 14 اور 15 کی شب کو شیخ الوظائف کی زیر نگرانی ہونے والا خاص عمل)

حدیث مبارکہ میں ہے کہ ''ایام بیض کے روزے ساری زندگی کے روزوں کے برابر ہیں۔ ان روزوں کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے بہترین روزے فرمایا ہے' اور ان روزوں کی آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے وصیت بھی فرمائی ہے۔ یہ روزے وساوس سے حفاظت کا ذریعہ ہیں۔'' ایام بیض کے روزے دلوں کی پاکیزگی کے لئے آزمودہ ہیں، جو مومن ہمیشہ ان تین روزوں کا اہتمام کرے اس کا دل صاف ستھرا رہے گا، وہ جھگڑے لڑائی سے دور رہے گا۔ دل کے خطرناک امراض بغض وحسد، کینہ، غصہ' ٹینشن' ڈیپریشن اور چغلی وغیبت سے اللہ کی توفیق سے بچتا رہے گا۔ تسبیح خانہ میں دوران رمضان یہ عمل شیخ الوظائف کی زیر نگرانی کروایا جاتا ہے۔

عمل کا طریقہ: چاند کی 13، 14 اور 15 کو جو روزے رکھے جاتے ہیں انہیں ایام بیض کے روزے کہا جاتا ہے۔ چاند کا بارہ کا دن گزر کر جو رات آئے وہ تیرہ کی رات ہوگی' اس رات بمع تسمیہ کے سورہ فاتحہ اس طرح پڑھیں کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی میم کو سورہ فاتحہ کی الحمد للہ کے ساتھ ملا کر ساری رات پڑھنا ہے۔ سونا نہیں ہے، تھک جائیں تو بیٹھ جائیں، کھانا ہے تو کچھ کھالیں لیکن مسلسل پڑھتے رہیں، وضو ٹوٹ گیا پھر کرلیں، چلتے ہوئے بیٹھے ہوئے، ننگے آسمان کے نیچے اگر جگہ مل جائے تو بہترین ہے، نہیں تو چھت کے نیچے بیٹھ کر بھی پڑھ سکتے ہیں۔ پھر تہجد کے وقت تہجد پڑھیں اور پھر سورہ فاتحہ بمع تسمیہ کے پڑھتے رہیں جو مانگنا چاہتے ہیں وہ سورہ فاتحہ پڑھتے وقت ان تمام آرزؤں کو ذہن میں لاتے رہیں اور اللہ سے مانگتے رہیں۔ پھر روزہ رکھیں، نماز فجر ادا کریں اس دوران بھی جتنا موقع ملے پڑھتے رہیں، نماز کی ادائیگی کے بعد سو جائیں۔

فوائد: اللہ غیب سے رزقِ روحانی اور جسمانی عطا فرمائیں گے۔ اور اس کی نسلوں کو بھی عطا فرمائیں گے۔ تنگدستی ختم، عزتیں ملتی ہیں، مشکلات، الجھنوں، پریشانیوں کے دروازے بند ہوجاتے ہیں، جو مانگو

www.ubqari.org

ملتا ہے۔قیدیوں کی خلاصی کے لیے مجرب ہے۔اولاد کی نافرمانی، رشتوں کی بندش، طلاق کے مسائل، گھریلو الجھنوں کے لیے انتہائی مجرب عمل ہے۔سورۃ فاتحہ میں شفا ہے اور یہی سورہ کائنات کے خزانوں کی چابی ہے۔

عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ تعالی عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ نے مجھے فرمایا: ''ہر مہینے میں تین دن روزہ رکھ لیا کرو، کیونکہ ہر نیکی کا بدلہ دس گنا ملے گا اور اس طرح یہ ساری عمر کا روزہ ہو جائے گا۔'' (صحیح البخاری: 1975)

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے: ''کیا میں تمہیں سینہ کے دھوکہ اور وسوسہ کو ختم کر دینے والی چیز کے متعلق نہ بتاؤں؟ ہر ماہ کے تین روزے رکھنا''۔ (صحیح النسائی: 2384)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے: ہر مہینے میں تین دن روزے رکھ لینا اس سے زمانے بھر کے روزے رکھنے کا ثواب ملتا ہے۔ (صحیح البخاری: 1979)

دیگر حوالہ جات: 1۔مشکوٰۃ شریف، ص: ۱۷۹، ۱۸۰، ط: المکتبۃ انڈیا۔2۔الدر المختار مع ردالمحتار جلد ۳ ص ۳۳۶، ناشر: مکتبۃ زکریا انڈیا۔3۔: نسائی، کتاب الصیام، ص ۳۹۶، حدیث: ۲۴۱۷۔ 4۔صحیح البخاری: 1178، بحوالہ: مجلس التحقیق الاسلامی محدث فورم۔

نوٹ: نفلی روزے کے یہ فوائد ہیں تو رمضان المبارک کے فرض روزے کی طاقت کتنی ہوگی کیا آپ اندازہ کر سکتے ہیں جبکہ ہر نوافل کا ثواب ستر گنا بڑھا دیا جاتا ہے۔

روحانی پیکیج نمبر 24: اصحاب بدرین کا مشکل کشاء عمل

(سترہ رمضان کی شب ہونے والا خاص عمل)

تسبیح خانہ لاہور سالہا سال سے آزمودہ اعمال، جن کی سند محدثین کرام، علماء عظام اور بزرگان دین سے تصدیق شدہ ہے۔اس عمل کی برکت سے مشکلات میں گھرے لوگ سکون میں آگئے، حالات کے مارے سکھی ہو گئے، یقین سے کرنے والا کوئی نامراد نہ ہوا، جس نے کیا من چاہی مراد پا گیا، شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب رحم اللہ فرماتے ہیں اس عمل کے بعد جو دعا مانگی جائے وہ قبول ہوتی ہے۔

طریقہ عمل: سترہ رمضان المبارک کی شب اصحاب بدرین رضوان اللہ اجمعین کو ایصال ثواب کیلئے خاص عمل کروایا جائے گا اور اس کے بعد ان 313 پاک ناموں کے وسیلہ سے اللہ رب العزت کی بارگاہ میں دعا کی جائیگی۔

☆☆☆☆☆

روحانی پیکیج نمبر 25

21 رمضان، طاق رات کا عمل (7 بیری کے پتوں سے کالا جادو فوری ختم)

تسبیح خانہ میں اکیس رمضان المبارک کی طاق رات میں 7 بیری کے پتے ہر شخص کو دیئے جائیں گے۔اس پر خاص عمل کروایا جائے گا۔جب بھی گھر جائیں یہ پتے گھر لیتے جائیں' گھر جا کر ان پتوں کو پانی میں ڈال کر خود بھی نہائیں اور گھر والوں کو بھی انہی پتوں کے پانی سے نہلوائیں۔ انشاء اللہ کالے جادو اور جناتی اثرات فوراً ختم ہوجائیں گے۔

فوائد: ایسا کالا جادو جس کی وجہ سے اولاد سے محرومی ہو، ہر وقت گھر میں جھگڑے،فساد، ناحل ہونے والی مشکلات، رزق کی تنگی، لاعلاج بیماریاں اور نظر بد کے ڈسے ہوؤں کے لیے لاجواب عمل ہے۔

☆☆☆☆☆

روحانی پیکیج نمبر 26

23 رمضان' طاق رات کا عمل! (3 بال لائیں! بلائیں، مصائب ٹلوائیں)

تسبیح خانہ لاہور میں دوران رمضان 23 رمضان کی طاق رات میں شیخ الوظائف ایک خاص عمل کرواتے ہیں' مقیم حضرات اس عمل میں شامل ہوتے وقت اپنے ساتھ اپنے تین عدد بال لے کر شامل ہوتے ہیں۔ پھر ان تین بالوں کو سامنے رکھ کر شیخ الوظائف ایک نورانی عمل کروائیں گے' بس آپ ان بالوں کو گھر جاتے ہوئے راستے میں کہیں مٹی میں دفن کر دیجئے۔ادھر بال دفن ہوں گے ادھر آپ پر آنے والی مصیبتیں' حادثات' بلائیں' بندشیں' بدبختی، بیماریاں سب ختم ہوجائیں گی۔قسمت سنورے گی،نصیب مقدر چمکے گا۔

حوالہ جات: مجربات امام سیوطی' علامہ جلال الدین سیوطی' مشتاق بک کارنر۔2۔آسان تعویذات و عملیات' اعجاز احمد خاں سنگھانوی۔3۔خزینۃ الاسرار' مولانا احمد پنجگوری۔

☆☆☆☆☆

www.ubqari.org

روحانی پیکیج نمبر 27

25 رمضان' طاق رات کا عمل!(ناخن لائیں! نظر بد سے دائمی نجات پائیں)

طریقہ کار: رمضان المبارک کی 25 ویں طاق رات میں شیخ الوظائف انتہائی طاقتور عمل کروائیں گے' عمل میں شامل ہوتے وقت ہاتھ پاؤں کے ناخن کاٹ کر ٹشو میں ڈال کر لائیں۔25 رمضان کی خاص ساعت میں اس پر عمل کروایا جائے گا۔گھر جا کر ان ناخنوں کو کہیں مٹی میں دفن کر دیں۔ جیسے ہی ناخن مٹی میں دفن کریں گے، نظر بد ختم ہو جائے گی، حفاظت کیلئے آپ کے گرد سدا ایک روحانی حصار رہے گا، بیماریاں جسم سے ایسے نکل جائیں گی جیسے کبھی تھیں ہی نہیں۔کوئی چاہ کر بھی آپ اور آپ کے گھر بندش' جادو نہ کروا سکے گا۔

حوالہ جات: خطیب فی الجامع، اتحاف جلد 2 صفحہ نمبر 411، شمائل کبریٰ، سنت حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

2۔احیاء العلوم الدین ج 2، ص 411۔3۔مرقات جلد چار، صفحہ 457، بحوالہ شمائل کبریٰ' جلد دوئم، صفحہ 404۔4۔شفاء رحمت' ص 325، ناشر: حاشر پبلشرز۔

روحانی پیکیج نمبر 28۔رمضان برکتی نوٹ

26 رمضان المبارک کی شب شیخ الوظائف مقیم حضرات کو ایک خاص الخاص تحفہ عنایت فرمائیں گے۔برکت اور رزق میں اضافے کا ایسا طاقتور نقش کہ جس کے پاس ہو گا اس کی نسلوں سے بھی کبھی رزق ختم نہیں ہو گا۔شیخ الوظائف تمام مجمع کو ایک دس روپے کا نوٹ' جس کی پچھلی سائیڈ پر یہ طاقتور نقش اور برکتی الفاظ لکھے ہوئے ہوں گے ہدیہ عنایت فرمائیں گے' بس اس نقش (برکتی نوٹ) کو اپنے بٹوہ' پرس' جیب یا برکت والی تھیلی میں خوشبو لگا کر رکھیں' تنگدستی کیسی ہی ہو؟ رزق پر بندش کتنی ہی پرانی کیوں نہ ہو؟ گھر میں فاقے ہی کیوں نہ چل رہے ہوں؟ بیروزگاری کتنی ہی پرانی کیوں نہ ہو؟ ان شاء اللہ رزق غیبی کا انتظام ہو جائے گا' رزق میں برکت آجائے گی' جیب ہر وقت پیسوں سے بھری رہے گی' ہر قسم کی محتاجی ختم ہو جائے گی۔رزق کی تنگی کے شکار افراد کیلئے یہ عمل خاص الخاص ہے۔

حوالہ جات: آسان تعویذات وعملیات 80 '279 ج 7 ص 192، اعجاز احمد خاں سنگھانوی۔3۔ خزینۃ الاسرار ص 68، 386، 548' مولانا احمد پنجگوری صاحب۔بکھرے موتی ص 30، حوالہ: شمس المعارف، تالیف: علامہ احمد علی بونی رحمہ اللہ، تالیف شبیر برادرز، لاہور

www.ubqari.org

روحانی پیکیج نمبر 29۔ستائیسویں شب اور تسبیح خانہ کے خاص اعمال

تسبیح خانہ لاہور میں رمضان المبارک کی ستائیسویں شب ختم القرآن کے موقع پر شیخ الوظائف خصوصی درس بیان فرمائیں گے۔ دوران درس شیخ الوظائف ایک ایسا خاص عمل عنایت فرمائیں گے جس نے بھی وہیں بیٹھے بیٹھے کیا اور جب اٹھے گا تو اپنے ہر روگ، بیماری، الجھن، مشکل، جادو، بندش، پریشانی سے ان شاء اللہ نجات پا جائے گا۔ یہ خاص موقع، خاص گھڑی سال میں صرف ایک بار آتی ہے۔ ہر آنے والا بامراد، بامقصد اور جھولیاں بھر کر واپس جائے گا۔ زندگی سے عاجز ضرور شامل ہوں۔

حوالہ: قرآنِ کریم کی تکمیل پر اجتماعی یا انفرادی دعا کرنا مستحسن عمل ہے اور یہ بھی دعاؤں کی قبولیت کے اوقات میں سے ہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے ختمِ قرآن کے مواقع پر دعا کرنا ثابت ہے۔ المعجم الکبیر للطبرانی میں ہے: فتوی نمبر: 143909200447 دارالافتاء: جامعہ علوم اسلامیہ کراچی

امام عبداللہ بن عبدالرحمن الدارمی، (المتوفی: 255ھ) فرماتے ہیں: سیدنا انس رضی اللہ عنہ جب قرآن ختم کرتے تو اپنی اولاد اور گھر والوں کو جمع کرتے، اور ان کیلئے دعاء کرتے‘‘

اس روایت کی سند کے متعلق سنن دارمی کے محقق فرماتے ہیں کہ

اس کی سند صحیح ہے، اور یہ جناب انس رضی اللہ عنہ کا عمل ہے،، اس روایت کو علامہ ابن ضریس نے فضائل قرآن میں اور امام سعید بن منصور نے التفسیر من سنن سعید بن منصور میں اور امام طبرانی نے ’’المعجم الکبیر‘‘ میں بھی نقل کیا ہے۔

اور امام بیہقی رحمہ اللہ نے ’’الجامع لشعب الایمان‘‘ میں نقل فرمایا ہے

امام نووی تحریر فرماتے ہیں۔ ختم قرآن کی مجلس میں شرکت مستحب ہے، خواہ قاری عمدہ پڑھتا ہو، یا عمدہ نہ پڑھتا ہو، چنانچہ صحیحین کی روایت میں ہے کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے حائضہ عورتوں کو عید کے دن نکلنے کا حکم فرمایا: تا کہ وہ بھلائی اور مسلمانوں کی دعا میں شریک ہو سکیں‘‘۔

☆☆☆☆☆

www.ubqari.org

روحانی پیکیج نمبر 30۔ 11 عدد مکھانے اور بے اولادی ختم

رمضان المبارک کی 29 ویں طاق شب میں بیماریوں‘ پریشانیوں‘ مشکلات‘ اولاد نرینہ کے خواہش مند بے اولاد حضرات کیلئے شیخ الوظائف انوکھا عمل کروائیں گے۔

11 عدد مکھانے ہمراہ لائیں ان پر عمل کروایا جائے گا۔ گھر جاتے یہ مکھانے گھر لے جائیں اور پانی میں گھول لیں‘ سارا گھر اس پانی میں مزید پانی ملاتا رہے اور یہی پانی پینے‘ آٹا گوندھنے‘ سالن بنانے میں استعمال کریں۔ نرینہ اولاد کے خواہشمند اور بے اولاد حضرات کیلئے خصوصی تحفہ ہے۔

حوالہ جات: خزینۃ الاسرار، مولانا احمد علی پنجگوری۔ 2۔ خزینۃ عملیات۔ 3۔ نقش سلیمانی۔ 4۔ شمس المعارف۔

☆☆☆☆☆

روحانی پیکیج نمبر 31۔ لیلۃ الجائزہ کا عمل!

حالات اور اولاد کے مسائل سے چھٹکارا

زندگی کی پریشانیوں سے مایوس ہو کر خودکشی کی چاہت کرنے والوں کیلئے اور اولاد کی نافرمانی، نشے کی علت سے چھٹکارا، تعلیمی میدان میں کامیابی، بہترین فیوچر اور نسلوں کو مالدار بنانے کا نہایت آزمودہ عمل اس مبارک رات میں کروایا جائے گا۔

عمل کا طریقہ: چاند رات کو دو رکعت نماز نفل حاجت، توبہ کی نیت سے ادا کریں اور نماز کے بعد یَاتَوَّابُ یَارَحِیْمُ کی ایک تسبیح پڑھیں۔ اس عمل کی بے شمار فضیلتیں ہیں‘ اس عمل کو کرنے سے انسان کی اسی رات بخشش ہو جاتی ہے‘ بندشیں ٹوٹ جاتی ہیں‘ جادو ختم ہو جاتا ہے‘ رشتہ کی رکاوٹیں ختم ہو جاتی ہیں۔ بارہا کا آزمودہ اور نہایت تیر بہدف عمل ہے۔

www.ubqari.org

روحانی پیکیج نمبر 32۔عیدالفطر شیخ الوظائف کے ہمراہ پڑھیے!

عید کا فیصلہ کن عمل اور دعائیں لیجئے!

تسبیح خانہ میں عید کی نماز سے پہلے شیخ الوظائف کا درس ہوگا۔اس کے علاوہ شیخ الوظائف یاباسط کا ایک ایسا نقش عطا فرمائیں گے جس کے ذریعے سے رزق کے بند دروازے کھل جائیں۔کاروباری پریشانیاں ختم ہوجائیں، بند کاروبار چل پڑے۔

حوالہ جات: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صراحتاً ایسے رقیے اور تعویذ کی اجازت دی ہے جس میں شرک نہ ہو(فتح الباری)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابو دجانہ رضی اللہ عنہ کو تعویذ کے کلمات لکھ کر دیے تھے جس کی وجہ سے ان کو پریشان کرنے والا شیطان ہلاک ہوگیا۔(مشکوٰۃ)

قرآن کریم اسمائے حسنی ودیگر ادعیہ وغیرہ پر مشتمل تعویذ پہننا جائز ہے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی شخص نیند کے دوران گھبرا جائے تو یہ کلمات پڑھے: اعوذ بکلمات اللہ التامات من غضبہ وسوء عقابہ ومن شر عبادہ ومن شر الشیاطین وان یحضرون.حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اپنے سمجھدار بچوں کو یہ کلمات سکھاتے اور ناسمجھ بچوں کے لیے لکھ کر ان کے گلے میں لٹکا دیتے تھے.
(مصنف ابن ابی شیبۃ:24013)

علامہ ابن تیمیہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ کسی مصیبت زدہ اور مریض کے لیے قرآن کریم وذکر اللہ کو لکھنا اور اسے پلانا جائز ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ کا قول نقل کیا ہے کہ عورت کے لیے ولادت مشکل ہوجائے تو یہ کلمات لکھے: بسم اللہ لا الہ الا اللہ العلی العظیم لا الہ الا اللہ الحلیم الکریم ...الخ اس کی مزید وضاحت کرتے ہوئے علی کا قول ذکر کیا ہے کہ ان کلمات کو کسی کاغذ پر لکھ کر عورت کے بازو میں لٹکایا بھی جاسکتا ہے.(مجموع فتاوی شیخ الاسلام ابن تیمیۃ 19 / 64،65)

علامہ ابن قیم رحمہ اللہ نے بھی زادالمعاد میں اس پر مفصل بحث کی ہے، مذکورہ تفصیل سے معلوم ہوا کہ اصل مقصود پڑھنا ہے لیکن کم فہم بچوں اور کم علم لوگوں کے لیے تبرکا لکھ کر لٹکانا بھی جائز ہے البتہ یہ ضروری ہے کہ تعویذ لٹکانے والا اسے محض ایک سبب شمار کرتے ہوئے اصل محافظ ومؤثر اللہ تعالی کو ہی سمجھے۔(فتوی نمبر: 143712200010 دارالافتاء: جامعہ علوم اسلامیہ کراچی)

www.ubqari.org

رمضان المبارک میں شب جمعہ اور نماز جمعہ کے بعد کے روحانی پیکجز شب جمعہ کا روحانی پیکیج

رمضان المبارک کی ہر شب جمعہ کو ایک انتہائی طاقتور خاص عمل شیخ الوظائف کی خاص اجازت سے کروایا جاتا ہے۔ جو بھی یہ عمل کرتا ہے اس کو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت خواب میں ہوجاتی ہے' ان شاء اللہ۔ انتہائی مجرب اور طاقتور عمل ہے۔

عمل کا طریقہ: دو رکعت نفل پڑھیں پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد گیارہ بار آیۃ الکرسی اور پھر دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھیں۔ آخر میں تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

زیارت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے یہ عمل بہت ہی آزمودہ ہے' بہت سے لوگ جو زیارت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خواہش مند تھے' انہیں یہ عمل دیا تو ان کی قسمت جاگ گئی' کسی کو روضہ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت ہوئی' کسی کو روضہ اقدس کے مقیم مبارک و بزرگ ہستی خاتم الرسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت باسعادت حاصل ہوئی' ایک دو نہیں سالہا سال کے مشاہدات' تجربات اس پر شاہد ہیں۔ اہل اللہ کی زندگی کے مجربات میں سے یہ عمل ہے۔ آپ بھی اس نعمت عظمیٰ کو حاصل کرنا چاہتے ہیں تو دیر کیسی؟ مختصر سا عمل ہے ضرور اس عمل سے فائدہ اٹھائیے۔

حوالہ جات: فضائل درود شریف' مصنف: شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب۔ ناشر: کتب خانہ فیضی لاہور۔ 2۔ کمالات عزیزی' مصنف: شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی، ناشر: دارالاشاعت کراچی۔ 3۔ کتاب داء ودواء، مصنف: نواب صدیق حسن خان صاحب' کتب خانہ اسلامی' لاہور۔

☆☆☆☆☆

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا بتایا روحانی پیکیج

آپ تاجر ہیں اپنا حساب کتاب بہتر بنانا چاہتے ہیں' آپ گھر دار خاتون ہیں اپنے حافظے میں بہتری لانا چاہتی ہیں' صنعت کار ہیں اپنی صنعت کو اعلیٰ سے اعلیٰ چلانا چاہتے ہیں' آپ سول یا فوجی عہدیدار ہیں اور آپ چاہتے ہیں اچھا حافظہ آپ کی کارکردگی اور دیانت میں اضافہ کا سبب بنے۔ آپ کے دفتر کے کاموں میں الجھنیں ہوتی ہیں آپ اپنا چیک اینڈ بیلنس مثالی بنانا چاہتے ہیں۔ آپ سٹوڈنٹس

www.ubqari.org

ہیں اور آپ کو شکوہ ہے کہ سخت محنت کے باوجود نمبرز کم آتے ہیں اور آپ او لیول اور اے لیول کے امتحانات میں اعلیٰ سے اعلیٰ پوزیشن لینے کی خواہش رکھتے ہیں' آپ قرآن پاک حفظ کر رہے ہیں لیکن آپ آگے یاد کرتے جارہے ہیں اور پیچھے سے آیتیں آپ کو بھول رہی ہیں اور آپ چاہتے ہیں کہ جلد از جلد قرآن پاک آپ کو حفظ ہوجائے تو اس مسنون عمل سے فوراً رہنمائی لیجئے۔ آیئے! تسبیح خانہ میں رمضان المبارک کے دوران ہر شب جمعہ کو یہ نادر موتی لے لیجئے۔

طریقہ عمل: شب جمعہ کی رات چار رکعت نماز نفل قوت حافظہ کی نیت سے پڑھیں' پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ یٰسین' دوسری رکعت میں سورۂ دخان' تیسری رکعت میں الم سجدہ اور چوتھی رکعت میں سورۂ ملک پڑھیں۔ (مکمل تفصیل جاننے کیلئے ادارہ عبقری کی کتاب ''سنت کا نور' صفحہ 83 مطالعہ کیجئے)

بحوالہ: 1۔ ترمذی شریف۔ 2۔ فضائل قرآن' مصنف: شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب' ناشر کتب خانہ فیضی' لاہور۔

☆☆☆☆☆

چند منٹ کا مستند عمل اور 35 مرادیں پوری!

تسبیح خانہ دوران رمضان ہر نماز جمعہ کے بعد مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ اَحْمَدُ رَسُوْلُ اللّٰہِ 35 بار ایک کارڈ لکھوایا جاتا ہے' یہ کارڈ تسبیح خانہ میں ہی مقیم حضرات کو تقسیم کیا جاتا ہے۔ یہ کارڈ لکھ لیں اور اپنی جیب میں رکھیں اور ہر صبح فجر کی نماز کے بعد سورج طلوع ہونے سے پہلے اس کاغذ کو دیکھتے ہوئے چند بار کوئی سا بھی درود پاک پڑھیں متواتر نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا دیدار نصیب ہوگا۔ جس کی جیب میں یہ کارڈ ہوگا اس کی جیب کبھی خالی نہیں ہوگی اگر مقروض ہے تو قرضے اتر جائیں گے، اللہ برکتوں کے اور رزق کے دروازے کھول دے گا۔ شیطانی واروں، وسوسوں اور دشمن کے حملوں سے حفاظت ہوگی۔ اللہ کی محبت اور اللہ کا تعلق ملے گا۔ اور جو شخص اسے ہر نماز کے بعد 35 مرتبہ پڑھے گا اللہ اسے گناہوں بھری زندگی کی دلدل سے نکال دیں گے۔ سگریٹ، پان، افیون یا کسی بھی قسم کا نشہ چھوڑنا چاہتے ہیں، وہ گناہ کا نشہ ہے، نیٹ کا نشہ ہے۔ عادات بد، کسی عیب میں مبتلا ہیں اس سے چھٹکارا چاہتے ہیں، جادو جنات نے زندگی کو اجیرن بنایا ہوا ہو، نظر بد کے ڈسے ہوؤں کے لیے، لاعلاج بیماریوں کے لیے جسے ڈاکٹروں نے لاعلاج قرار دے دیا ہو، گھریلو جھگڑوں، میاں بیوی میں نفرتیں، بچے تنگ کرتے ہوں، زچ کرتے

www.ubqari.org

ہوں، اپنی آنے والی نسلوں کے مقدر اور نصیب سنوارنا چاہتے ہیں تو اس کو ہر نماز کے بعد 35 بار پڑھنے کا معمول بنالیں۔

☆☆☆☆☆

جب راستے بند ہو جائیں!

جمعہ کی نماز کے بعد تسبیح خانہ میں صرف چند منٹ کا عمل! ایسا لاجواب عمل، بس شامل ہوں اور ایسی ڈھیروں مرادیں، خواہشیں جو سالہا سال سے آپ دل میں دبائے بیٹھے ہیں، وہ ان شاء اللہ پوری ہوجائیں گی۔ جب سارے راستے بند ہوجائیں، سب امیدیں ٹوٹ جائیں، جب تمام ساتھ دینے والے ساتھ چھوڑ جائیں، جب کاروبار ختم اور دوبارہ عروج پانے کے راستے بند، تعلیمی میدان ختم، شادی کی امید ختم، بے اولادی ناامیدی اپنے عروج پر ہو، بس دوران رمضان تسبیح خانہ میں آیئے! جمعہ والے دن اس مقبول عمل میں شامل ہوں اور تمام ٹوٹی امیدیں دوبارہ بحال، بند راستے دوبارہ کھلوا لیجئے، زندگی کی بہاریں دوبارہ دیکھ لیجئے! **طریقہ عمل:** رمضان المبارک میں تسبیح خانہ میں جمعہ کی نماز کے بعد اول و آخر تین مرتبہ درود پاک کے ساتھ اجتماعی طور پر **یَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ سَبِّبْ لِیَ الْخَیْرِ** اپنی تمام پریشانیوں، دکھوں، مشکلات کا تصور کرتے ہوئے پڑھیں۔

☆☆☆☆☆

تبرکات کی زیارت کا عمل

حرمین کی بہاروں کی ٹھنڈی ہواؤں کے جھونکے تسبیح خانہ میں محسوس کیجئے۔ آیئے! تسبیح خانہ میں رمضان گزارنے کے ساتھ مدینہ کی یادوں کو دل میں جگایئے۔ خانہ کعبہ کے پرکیف لمحات کے احساسات دل و دماغ میں اجاگر کیجئے۔ روضہ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قبر مبارک کے ساتھ لگے غلاف کی جاگتی آنکھوں سے زیارت کیجئے۔ اس غلاف پر رحمتوں، برکات، انوارات کی بارشیں ہوئیں، اس غلاف کو دیکھتے ہوئے رب کریم سے اپنی مناجات اور حاجات منوا لیجئے۔ خانہ کعبہ کا غلاف جہاں لاکھوں اولیاء، صلحاء حاضری دیتے ہیں، اس بابرکت غلاف کے ذریعے اپنی مشکلات ٹلوا لیجئے۔ تسبیح خانہ کے تبرکات ہال میں موجود تبرکات کی مکمل تفصیل درج ذیل ہے:۔

روضہ اقدس کی جالیوں کے اندر سرخ اور سبز غلاف مبارک۔

www.ubqari.org

بیت اللہ شریف کا غلاف مبارک۔ اس کی سوئی مبارک۔ اس کا دھاگہ مبارک۔
میزاب رحمت کے نیچے کا غلاف مبارک۔
اصحاف صفہ پر بچھا قالین مبارک۔
ریاض الجنہ پر بچھا قالین مبارک
شیخ الوظائف کے مرشد حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری رحمۃ اللہ علیہ کے تبرکات
سید احمد شہید رحمہ اللہ کی تلوار
صدیوں پرانے قدیم قرآن پاک
اہل اللہ‘ بزرگان دین کے نادر و نایاب تبرکات
آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تلوار مبارک‘ نعلین پاک‘ سلائی مبارک‘ بردہ یمانی اور دیگر چیزوں کی شبیہ مبارک بھی موجود ہے۔

عصر کے نماز کے بعد 80 مرتبہ درود پاک کا عمل

اسی سال کے گناہ معاف ہوتے ہیں اور اسی سال کی عبادت کا ثواب لکھا جاتا ہے‘ رمضان المبارک میں پڑھنے سے 56 ہزار رحمتوں کا نزول ہوتا ہے۔ 56 ہزار گناہ معاف‘ 56 ہزار درجات بلند‘ 56 ہزار نیکیوں کا اضافہ ہوتا ہے۔ رمضان میں یہ رحمتیں‘ یہ بہاریں تسبیح خانہ میں برس رہیں‘ آیئے جھولی پھیلایئے اور بھر لیجئے۔ جو خواہش‘ مراد دل میں ہو رکھ کر اس عمل میں شامل ہوں‘ ان شاء اللہ پوری ہوگی۔ درود کی برکت سے بے گھروں کو گھر ملے‘ بیروزگاروں کو بہترین روزگار ملا‘ بیماروں کو شفاء ملی‘ مرتے وقت کلمہ نصیب ہوا‘ سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دیدار‘ محبت اور شفقت نصیب ہوئی۔ اولیاء اللہ کا دیدار نصیب ہوا‘ ان کی خواب میں رہنمائی ملی۔ انتہائی کامیاب اور مجرب عمل۔
بحوالہ: فضائل قرآن‘ مصنف: شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب‘ ناشر کتب خانہ فیضی‘ لاہور۔

☆☆☆☆☆

عبقری آفیشل لنکس

ubqari.org /ubqari/ /ubqaritasbeehkhana

عبقری وٹس ایپ +92-301-0006311 +92-321-4343500

عبقری ٹیلی گرام Telegram

عبقری ویب سائٹ پر جا کر لنک جوائن کریں۔

عبقری انسٹا گرام /ubqariofficial1

/ubqaritasbeehkhana

عبقری موبائل ایپلی کیشن

- روزنامہ اینٹی کرپشن
- عبقری سوشل میڈیا
- عبقری ویب چینل
- ماہنامہ عبقری
- اخبار عبقری
- عبقری ریڈیو
- گھریلو الجھنیں میگزین

/sheikhulwazaif /SheikhUlWazaif/

عبقری وظائف کے مستند ریفرنس اور حوالے جاننے کیلئے ہمارے فیس بک پیج ''اکابرؒ پر اعتماد'' کا وزٹ کریں۔

/akabirparaitmad

www.ubqari.org

الحمدللہ! عبقری سوشل میڈیا کی ماہانہ ریچ

13 کروڑ سے اوپر ہے۔

عبقری یوٹیوب پر سبسکرائبرز کی تعداد

16 لاکھ 75 ہزار ہے۔

عبقری کو الحمدللہ! یوٹیوب کی طرف سے
2 سلور بٹن اور 1 گولڈن بٹن مل چکا ہے۔

عبقری فیس بک پر فالورز کی تعداد

66 لاکھ 95 ہزار ہے

عبقری کا پیغام 216 ممالک، جزیروں
سمیت پوری دنیا تک پھیل چکا ہے۔

www.ubqari.org